© rasailojaraid.com

غلام احمد قادیانی کے اخلاق وعادات کا جائزہ لیا ہے اور مستند حوالوں سے قادیانیت کے فریب کا پردہ چاک کیا ہے۔

سوا دوسو سے زائد صفحات کی یہ کتاب جناب عبدالرحمٰن باوا نے ختم نبوت اکیڈمی لندن سے شائع کی ہے اور پاکستان میں اسے مکتبہ حکیم الامت، ۳۔ ایف ۲/۳، ناظم آباد نمبر ۳، کراچی ۱۸ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ''لمحہ لمحہ پھسلتے قدم''

بزرگ دانش ور جناب عبدالرشید ارشد آف جوہر آباد نے اپنے متعدد مضامین میں پاکستان کے نظام تعلیم کو سیکولر بنانے کی کوششوں کا جائزہ لیا ہے اور اس سلسلے میں مغرب کی خواہشات کو بے نقاب کیا ہے۔ اس میں دیگر بعض اہم عنوانات بھی ان کے معلوماتی مضامین میں شامل ہیں۔

پونے دوسو کے لگ بھگ صفحات کی اس کتاب کی قیمت ۷۵ روپے ہے اور اسے النور ٹرسٹ، جوہر پریس بلڈنگ، جوہر آباد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ''مکتوبات افغانی''

بزرگ عالم دین حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ آف کلاچی کے نام شیخ التفسیر حضرت مولانا علامہ شمس الحق افغانی کے مکاتیب کو مولانا عبدالقیوم حقانی نے کتابی شکل میں مرتب کیا ہے جن میں علامہ افغانی نے اپنے مخصوص انداز میں مختلف مسائل کی وضاحت کی ہے۔

دوسو سے زائد صفحات کی یہ مجلد کتاب القاسم اکیڈمی، خالق آباد، نوشہرہ سے طلب کی جا سکتی ہے۔

## ''رنگ برنگی بیاض گڑنگی''

مدرسہ نصرۃ العلوم کے فاضل مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی نے اپنی بیاض میں مختلف حوالوں سے درج کردہ معلومات کو کتابی شکل میں شائع کیا ہے جو متنوع واقعات اور معلومات پر مشتمل ہے۔

صفحات: ۱۵۸۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ انوار مدینہ، جامع مسجد صدیق اکبر، محلہ صدیق آباد (اپر چنئی) مانسہرہ۔



© rasailojaraid.com